بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن گوجرانوالہ
SECRETARY

Phone: 9200744

BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION, GUJRANWALA

NO: 2151-R (Affi)

Date: 20-02-2025

جملہ پرنسپلز صاحبان/سربراہان ادارہ جات/اساتذہ کرام/جملہ سٹاف گورنمنٹ/پرائیویٹ سکولز اور کالجز
گوجرانوالہ ڈویژن گوجرانوالہ۔

عنوان: امتحانات میٹرک/انٹرمیڈیٹ کے سوالیہ پرچہ جات (انشائی/معروضی) کی سوشل میڈیا پر تشہیر/شیئرنگ کا معاملہ۔

مطلع کیا جاتا ہے کہ اتھارٹی مجاز کے مشاہدہ میں آیا ہے کہ بورڈ ہذا کی حدود میں واقع گورنمنٹ/پرائیویٹ سکولز/کالجز کے پرنسپلز/سربراہان ادارہ جات/اساتذہ کرام/و دیگر سٹاف ممبرز نے مختلف سوشل میڈیا (فیس بک، وٹس ایپ، انسٹاگرام، ٹویٹر وغیرہ) پر اپنے سکولز/کالجز کے نام سے/ذاتی گروپس/پیج بنائے ہوئے ہیں جہاں پر وہ بورڈ ہذا کے منعقد ہونے والے امتحانات میٹرک/انٹرمیڈیٹ کے سوالیہ پرچہ جات اور Pairing scheme وغیرہ کی تشہیر/شیئرنگ کرتے ہیں جو کہ ایک غیر قانونی فعل ہے۔

آپ کو خبردار کیا جاتا ہے کہ دوران امتحان (نہ صرف امتحان کے آغاز سے قبل بلکہ امتحان کے اختتام کے بعد بھی) سوالیہ پرچہ جات کی سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر تشہیر/شیئرنگ کی صورت میں پنجاب مال پریکٹسز ایکٹ کی شق نمبر 3 کے تحت درج ذیل سزا ہے:

> ***3. Whoever is guilty of:***
> (1)(iv). Premature disclosure of a question or question paper knowing that such question or question paper is to be put or set at any examinations written or oral;
> Shall be punished with imprisonment for a term which may extend to three years and with fine which may extend to fifty thousand rupees.

بورڈ ہذا نے پچھلے سال امتحانات میٹرک/انٹرمیڈیٹ کے انعقاد کے دوران سوالیہ پرچہ جات کی سوشل میڈیا پر تشہیر کرنے والوں کے خلاف متعلقہ پولیس اسٹیشنوں پر FIRs کا اندراج کروایا اور متعلقین کو گرفتار بھی کروایا کچھ پر تا حال کیسز چل رہے ہیں اور بعض کو سزائیں بھی ہو چکی ہیں۔

مذکورہ بالا کے ضمن میں آپ سے التماس کی جاتی ہے کہ تعلیمی بورڈ گوجرانوالہ کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے امتحانات میٹرک/انٹرمیڈیٹ (فرسٹ اینول) 2025ء و مابعد کے بہترین انعقاد کے سلسلہ میں انتظامیہ تعلیمی بورڈ، گوجرانوالہ کا ساتھ دیں اور بحیثیت سربراہ/پرنسپل ادارہ آپ اپنے انسٹیٹیوٹ کے جملہ معزز اساتذہ کرام، طلباء و طالبات اور دیگر سٹاف کو کسی بھی قسم کی پریشانی سے بچانے کیلئے بورڈ ہذا کے سوالیہ پرچہ جات کی سوشل میڈیا پر تشہیر/شیئرنگ سے سختی سے منع کریں۔ آپ صبح اسمبلی کے دوران اور کلاسز میں مذکورہ activity سے ممانعت بارے آگاہی مہم چلائیں۔ نیز اگر آپ کے انسٹیٹیوٹ کا کوئی قابل احترام ٹیچر/سٹاف ممبر یا کوئی طالبعلم بورڈ ہذا کے سوالیہ پرچہ جات کی تشہیر/شیئرنگ جیسی activities میں ملوث پایا گیا تو اس کے ساتھ ساتھ گروپ/پیج ایڈمن اور آپ کے ادارہ کے خلاف بھی پنجاب مال پریکٹسز ایکٹ کی درج بالا شق کے تحت سخت ترین قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ البتہ امتحان کے مکمل اختتام کے بعد مروجہ طریقہ کار کے مطابق بورڈ ہذا سے پرانے پرچے حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

مخلص

سیکرٹری

کاپی برائے اطلاع:
1۔ جناب ڈائریکٹر آف ایجوکشن (کالجز/سیکنڈری/ایلیمنٹری)، گوجرانوالہ ڈویژن، گوجرانوالہ
2۔ جناب چیف ایگزیکٹو آفیسر (ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی)، گوجرانوالہ، حافظ آباد، گجرات، منڈی بہاؤالدین، سیالکوٹ اور نارووال۔

Off: 92-55-9200744, Fax: 92-55-9200745
E-Mail: secy.bisegrw@mail.com

CamScanner